پریس ریلیز

گوجرانوالہ چیمبر کی نو منتخب قیادت کو مختلف کاروباری ایسوسی ایشنز کی مبارکباد

گوجرانوالہ: اتحاد ایگل گروپ، انجمن تاجران بازار نمبر 2، انجمن تاجران نومانیہ روڈ، ویمن ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن، گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن اور عوامی بزنس گروپ گوجرانوالہ کے وفود نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا۔ تمام وفود نے نو منتخب صدر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر اور ان کی کابینہ کو تاریخی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔

اس موقع پر سابق صدر رانا محمد صدیق خاں، سابق سینئر نائب صدر آصف مظفر، سابق نائب صدر و ایگزیکٹو ممبر وقاص افضل مغل سمیت ایگزیکٹو کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔

انجمن تاجران بازار نمبر 2 کے صدر توصیف ٹیپو، نومانیہ روڈ سے بلال حفیظ، ویمن ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کی صدر ثریا منظور، گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن سے محمد رانا اختر اور عوامی بزنس گروپ سے حاجی احسان اللہ نے بزنس گروپ کے تاجر دوست اقدامات کو بھرپور سراہا اور تاجر برادری کی فلاح و بہبود کے لیے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

اس موقع پر صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے وفود کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ چیمبر اراکین اور تاجروں کا اعتماد ہماری اصل طاقت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نو منتخب قیادت نے چارج سنبھالتے ہی چیمبر میں بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر (BFC) کو باقاعدہ عملے کے ساتھ اور میزان بینک کاؤنٹر کو فعال کر دیا ہے تاکہ تاجروں کو این او سیز کی فراہمی اور فیسوں کی ادائیگی کے لیے چیمبر کے اندر ہی پرسکون ماحول میں سہولیات میسر آئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزارتِ خارجہ (MOFA) کا تصدیقی کاؤنٹر اور جیریز (Gerry's) کی سہولت بھی جلد قائم کی جائے گی تاکہ ممبران کو ایک ہی چھت تلے تمام خدمات حاصل ہو سکیں۔

اجلاس کے دوران تجارتی وفود نے جی ٹی روڈ گوجرانوالہ کی خستہ حالی اور مختلف حکومتی محکموں کی جانب سے پیدا کی جانے والی انتظامی رکاوٹوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیمبر قیادت سے ان معاملات کو اعلیٰ حکام کے روبرو اٹھانے کا مطالبہ کیا۔ صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج اور عہدیداران نے تاجر برادری کو مکمل یقین دہانی کروائی کہ گوجرانوالہ چیمبر تاجروں کے تمام مسائل کے ازالے اور جی ٹی روڈ کی بحالی کے لیے متعلقہ اداروں اور حکومتی سطح پر اپنا موثر اور بھرپور کردار ادا کرے گا۔

PRESS RELEASE

Trade and Business Associations Call on Newly Elected Leadership of Gujranwala Chamber to Extend Felicitations

GUJRANWALA: High-level representative delegations from Ittehad Eagle Group, Anjuman-e-Tajiran Bazaar No. 2, Anjuman-e-Tajiran Nomania Road, Women Development Organization, Goods Transport Association, and Awami Business Group Gujranwala visited the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI). The visiting trade bodies extended warm felicitations to the newly elected President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, and the executive cabinet on their electoral success.

The reception was attended by former President Rana Muhammad Siddique Khan, former Senior Vice President Asif Muzaffar, former Vice President & Executive Member Waqas Afzal Mughal, alongside other members of the Executive Committee.

Prominent trade leaders, including President of Anjuman-e-Tajiran Bazaar No. 2 Tauseef Tippu, Bilal Hafeez from Nomania Road, President Women Development Organization Surraya Manzoor, Muhammad Rana Akhtar from the Goods Transport Association, and Haji Ihsanullah from Awami Business Group, commended the pro-business initiatives of the Business Group and reaffirmed their steadfast support toward the welfare and progress of the commercial fraternity.

Expressing gratitude to the visiting delegations, President GCCI Sheikh Ghulam Hussain Judge affirmed that the trust reposed by Chamber members and traders constitutes the organization's greatest asset. He highlighted that immediately upon assuming office, the leadership operationalized the Business Facilitation Centre (BFC) with dedicated staff and launched an on-site Meezan Bank collection booth to streamline the issuance of NOCs and fee deposits under one roof. He announced that dedicated facilitation desks for the Ministry of Foreign Affairs (MOFA) attestation and Gerry's visa drop box services will also be established at the Chamber premises in the near future.

During the interactive session, the visiting trade delegations expressed serious concerns over the dilapidated state of the G.T. Road Gujranwala and bureaucratic impediments enforced by various government departments, requesting the Chamber leadership to take up these critical matters with high-level authorities. President Sheikh Ghulam Hussain Judge and the executive team reassured the business community that GCCI will vigorously advocate at provincial and administrative levels to expedite the rehabilitation of the G.T. Road and eliminate all departmental bottlenecks.